آہ ...... وہ اک شخص

چاند تھا جماعت کا وہ اک شخص
کیا جس نے کام جماعت کا تھا وہ اک شخص
لکھی ہیں جس نے ہزاروں کی تاریخیں
ہو گیا تاریخ آج وہ اک شخص
گزار دی زندگی جس نے خدمت جماعت میں
تھا اپنی ذات میں جماعت وہ اک شخص
اس کے چلے جانے سے محسوس ہوتا ہے یوں
سب کچھ ساتھ ہی لے گیا وہ اک شخص
ہم اس کے غم میں آج تک ہیں اشک بار
گیا چھوڑ جب سے دنیا وہ اک شخص
فی زمانہ اس کی مثال نہیں کوئی
اپنی مثال آپ تھا وہ اک شخص
یاالٰہ تو راضی ہو جا اس سے
تیرے بندوں میں سے ہی تھا وہ اک شخص
''مورخ اسلام'' کہا جاتا ہے جسے
''اسحاق بھٹی'' ہی تھا وہ اک شخص
معاملہ کرے رحم و کرم کاالٰہ اس کے ساتھ
چھوڑ گیا جو دنیا وہ اک شخص

(عبدالجبار شاکر...... جامعہ سلفیہ)